| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اس بات کو جان کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہ نمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔
- انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لیے اس دُنیا میں تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں:
  - ہمارا رب کون ہے؟
  - ہمیں کس نے پیدا کیا؟
  - ہمیں زندگی گزارنے کے لیے کن کن نعمتوں سے نوازا؟
- اُن سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کرنے کے بعد اس دُنیا میں زندگی گزارنے کے لیے اُسے ہر طرح کی نعمت سے نوازا۔ رہنے کے لیے گھر، والدین، بہن بھائی اور رشتے دار دیے۔ زندہ رہنے کے لیے ہوا، پانی، خوراک، روشنی دی۔ اسی طرح ہدایت و رہ نمائی کے لیے انسان کو علم سکھایا۔ بولنے سوچنے، سمجھنے کی

صلاحیت عطا کی۔ اپنے خاص بندے انبیاء اور رسول بھیجے۔ ان پر اپنی آسمانی کتابیں اور صحیفے نازل کیے۔ جس میں اپنے احکامات نازل کیے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معصوم | مع۔ صُوم | پاک دامن، سیدھا سادہ |
| پیغام | پے۔ غام | زبانی بات |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جز (ا) کے پہلے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں گھر میں اپنے والدین یا کسی بڑے سے انبیائے کرام علیہم السلام کے بارے میں مزید جانیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں گفت گو کا اہتمام کریں: ''سیدھے راستے پر چلنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟''

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔ اِن تمام نبیوں اور رسولوں نے اِنسانوں کو توحید کی دعوت دی۔ طلبہ سے توحید کا مطلب پوچھیں اور بتائیں توحید کا مطلب ہے ''صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے۔''

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 46 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔ سب سے پہلے انسان اور نبی حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام ہیں۔ سب سے آخر میں ہمارے پیارے نبی
  حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تشریف لائے۔
- تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے لوگوں کو بتایا کہ وہ صرف ایک اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ وہ لوگوں کو بتاتے کہ نیک کام کرنے والوں کو جنّت ملے گی۔ وہ لوگوں کو نیکی کا کام کرنے کا حکم دیتے اور بُرائی سے منع فرماتے تھے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اُمّت | اُم۔مت | جماعت جو کسی پیغمبر کی پیروکار ہو۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے دوسرے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت میں سیرت انبیائے کرام علیہم السلام کے مختلف واقعات طلبہ کو دل چسپ انداز میں سُنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال 1 درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔**

ا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام علیہم السلام کو اس دُنیا میں کیوں بھیجا؟

---

---

---

۲۔ انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کتنی ہے؟

---

---

---

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف |
|---|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ آخری نبی اور رسول ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختۂ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ تمام نبی اللہ تعالیٰ کے سچے اور نیک بندے تھے۔ ان پر ایمان لانا ہر مسلمان پر فرض ہے مگر اب پیروی صِرف حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے احکامات کی کرنی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے صفحہ نمبر 46 کے دوسرے پیرا گراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایات کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ”اور ہم نے ہر رسول کو صرف اس لیے بھیجا ہے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔

(سورۃ النساء، آیت: 64)

- طلبہ سے پہلے نبی کا نام پوچھیں۔ ان کا جواب لیں اور حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- انھیں وضاحت کریں کہ اس دُنیا کے پہلے انسان اور اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ آپ علیہ السلام سے نبوت کا جو سلسلہ شروع ہوا وہ ہمارے پیارے نبی

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ پر آکر مکمل ہوا۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں یعنی آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔

- طلبہ کو بتائیں تمام انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کے ساتھ عَلَيْهِ السَّلَام کہتے ہیں۔ اور صرف حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے نام کے ساتھ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کہتے ہیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً واضح کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوال (۳) اور (۴) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

انبیائے کرام علیہم السلام نے لوگوں کو کس طرف دعوت دی۔ کمرا جماعت میں گفت گو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

**سوال 1: جواب دیں۔**

جب بھی کسی نبی کا نام لیں تو کہیں:

جب بھی سب سے آخری نبی

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام لیں تو کہیں: